www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعرات 23 اپریل 2026ء بمطابق 05 ذیقعد 1447ھ | شمارہ 268 | قیمت 10 روپے

وزیر اعظم

پولیو کے موذی مرض کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں

وزیر اعظم کا ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے عزم کا اظہار، پولیو کے خلاف جنگ میں انسداد پولیوٹیم کی بھرپور کوششوں کو سراہا

پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر سے اس سال اب تک پولیو کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا

کراچی میں مارچ کے مہینے میں 12 میں سے 10 ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس نہیں پایا گیا جو کہ ایک اچھی پیشرفت ہے، بریفنگ

اسلام آباد (اے پی پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے پولیو کے خلاف جنگ میں انسداد پولیو مہم کی بھرپور کوششوں کو سراہا ہے۔ یہ بدھ کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت انسداد پولیو پر اہم جائزہ اجلاس وزیر اعظم کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر قومی صحت صفدر کمال، وزیر صحت برائے قومی صحت ڈاکٹر ملک عطا راحیہ محمد جھرجھ، وزیر صحت برائے خزانہ و ریونیو بلال اظہر کیانی، وزیر اعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو میڈیا عائشہ رضا فاروق اور حفاظتی اہل سرکاری افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکاء کو بتایا گیا کہ ہم نے کہا کہ ملک سے پولیو کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

ایپسٹین کے ساتھی سن لیں

آنکھ کے بدلے آنکھ، آئل ٹینکر کے بدلے آئل ٹینکر ایران

اگر ایران کے خلاف کسی بھی حملے کیلئے خطے کے ہمسایہ ممالک کی سرزمین یا تنصیبات استعمال کی گئیں تو مشرق وسطی میں تیل کی پیداوار کو سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، ایرانی پاسداران انقلاب

جس طرح 40 روزہ جنگ میں دشمن کو دندان شکن جواب دیا گیا اسی طرح اب بھی نام نہاد اپسٹین کے سمندری ڈاکوؤں کے سامنے خاموش نہیں رہیں گے، اپسٹین کے ساتھی اس کھیل کو فتح میں نہیں بدل پائیں گے جسے وہ ہار چکے، ابراہیم رضائیکا

تہران (ویب ڈیسک) ایران کی مسلح افواج نے کہا ہے کہ اگر امریکا کی جانب سے کوئی نیا حملہ کیا گیا تو وہ پہلے سے طے شدہ اہداف کو فوری طور پر نشانہ بنائیں گی۔ یہ انتباہ ایرانی فوج کے مرکزی کمانڈ خاتم الانبیا اسٹیفل ہیڈ کوارٹرز نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور امریکی قومی قیادت کی جانب سے بار بار دھمکیوں کے بعد سامنے آیا۔ ترجمان کے مطابق

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آلاصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42 فمرفلور، ویننڈی کراف بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

بنوں، لکی مروت: مطلوب کمانڈر سمیت 4 دہشت گرد ہلاک

سکیورٹی فورسز کی مختلف کارروائیوں میں 4 دہشت گرد ہلاک اور ایک پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ ضلع بنوں میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں خوڑکش علاقے کے مرکزی سہولت کار سمیت 2 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 خوارج ہلاک ہو گئے، جن میں خوارج رنگ لیڈر وحید اللہ عرف مختیار اور ایک خودکش بمبار بھی شامل ہے۔ ہلاک خوارج میں خودکش جیکٹ، اٹھارہ گولہ بارود برآمد کیا گیا ہے۔ خوارج رنگ لیڈر وحید اللہ عرف مختیار دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث رہا۔ وحید 21 فروری 2026 کو بنوں میں خودکش حملے کا مرکزی سہولت کار تھا۔ بنوں حملے کے نتیجے میں لیفٹیننٹ کرنل علی فرازشہید ہو گئے۔ ضلع لکی مروت میں پولیس کے وارنٹ آپریشن کے دوران دو دہشت گرد ہلاک جبکہ ایک پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ آپریشن خونجران کے جنگلات، سول کیمپ میں کیا گیا۔ ہلاک دہشت گردوں میں ایک کی شناخت انتہائی مطلوب کمانڈر عامر سکیل عرف عقابی عرف محرخطاب کے نام سے ہوئی ہے۔ جرات و بہادری کی اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے پولیس جوان شفیق الرحمٰن شہید ہوئے۔ دہشت گردوں اور دہشت گردی کے خلاف وسیع تر ریوڈ انٹرس کی پالیسی کارگر ثابت ہو رہی ہے۔ پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے لیے بھارت پراکسیز بروئے کار ہیں۔ ان میں طالبان رجیم مرکوز ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کے لیے اشیاء اور طالبان رجیم کے گٹھ جوڑ کے ذریعے دہشت بڑھ رہی ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کے لیے بھارت کی پراکسیز بروئے کار ہیں۔ ان میں طالبان رجیم مرکوز ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کے لیے اشیاء اور طالبان رجیم کے گٹھ جوڑ کے ذریعے دہشت بڑھ رہی ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کے لیے اشیاء اور طالبان رجیم کے معاملات کیسے لوگوں کے ہاتھ میں ہیں، اس حوالے سے ایک ہوش ربا رپورٹ سامنے آئی ہے۔ امریکی تحقیقی ادارے غمل ایسٹ انسٹیٹیوٹ کے مطابق طالبان رجیم کے 55 ارکان اور عہدیداروں کے اتحادہ کے ساتھ براہ راست اور بالواسطہ رابطے اب بھی قائم ہیں۔ افغان طالبان کے 20 لیڈر سے زائد رہنما ہم دھاکوں اور خودکش حملوں کے ماسٹر مائنڈ رہ چکے ہیں۔ افغان میڈیا ادارے افغانستان انٹرنیشنل کے مطابق طالبان کی 33 رکنی کابینہ میں سے 13 اور 14 ارکان اقوام متحدہ کی پابندیوں کی فہرست میں شامل ہیں۔ افغان جمہوری وزیراعظم عاصم محمد خوندہ اور نائب وزیراعظم کے تمام ہی عالی پابندیوں کی فہرست میں شامل ہیں۔ اسی طرح افغان جمہوری وزیر داخلہ سراج الدین حقانی، وزیر خارجہ امیر خان متقی اور دیگر درجنوں پابندیوں کی فہرست کا حصہ ہیں۔ ان رہنماؤں کے اثاثے جمد کیے جا چکے ہیں، جبکہ ان پر سفری اور اسلحہ کی خریداری کے متعلق پابندیاں بھی عائد ہیں۔ عالمی دہشت گردوں سے روابط اور ان کی پشت پناہی اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ افغان طالبان اب بھی دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ افغانستان میں بلتگر، بارمل طالبان کے گورنر کوارڈر کے سامنے بے ایک افغان شہری نے فیلڈ مارشل کے نام شام بھاری کیے ہیں۔ کرغیزستان اور جرمنی کے افغانستان کے لوگ خودکش کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ ہمیں طالبان سے نجات دلائیں۔ یہ محض ایک گھٹیا کارنامہ نہیں ہے، بلکہ کسی بھی قیمت پر تحقیق، ٹھکانے، داعلوگوں کی مجرمی سوچ کی عکاسی ہے۔ اس پر اقوام متحدہ کو فوری نوٹس لینے کی ضرورت ہے، جس میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ افغانستان میں ٹی ٹی پی سب سے بڑا دہشت گردی کا گروپ اور ٹیبد ورک ہے جو پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہے۔ طالبان رجیم کے خلاف ٹوس لینے کے لیے اقوام متحدہ کی رپورٹ میں بھی ہمیں اس کے لیے اقوام متحدہ اور مہوڑ عالمی طاقتوں کو اب تحویلیں، مذمت اور قراردادوں سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات کی طرف آنا ہوگا۔

ایک نئی امید

دنیا کو کینسر کی ویکسین کی تلاش ہے، جو کینسر کے مریض ہیں ان کو اس کی تلاش ہے، ہم کو اس کی تلاش ہے، ہم کو اس کی تلاش ہے، ہم

01

بقیہ نمبر 01

جاری کی جائی نقصان کی تلافی نہیں ملی۔ انہوں نے کہا کہ سمجھنے لیے ایک اور کارگو جہاز پر عرشہ کے قریب 15 بائیل میل 28 کلومیٹر (میل مشرق میں فارٹک کی گئی، جس کے نتیجے میں جہاز کے ٹینک (برج اسٹورل روم) کو شدید نقصان پہنچا۔ ذرائع کے مطابق متاثرہ جہاز اعم ایس ہی فرانسسکا، دبئی سے سنگاپور جا رہا تھا۔ ایران کی سپاہ پاسداران انقلاب کے مطابق یہ کارروائی سندیری فوائیں کے نفاذ کے قوت کی گئی کیونکہ متعلقہ جہاز نے جاری کردہ وارننگز کو نظر انداز کیا تھا۔ دوسری جانب ٹینکی ممالک نے ان واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کشیدگی کم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ٹینکی ریاستیں کشیدگی کم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ اس تقریب میں عبدالرحمان منگریو، شاہ محمود پرویز، پرویز سید، سائرہ فرمان، ریحانہ حماد، واصف احمد، سیمار احمد اور نگرے شرکت کی۔

08

بقیہ نمبر 08

ایران عالمی کی کوششیں جاری رکھنی چاہئیں۔ اگر امن مذاکرات ناکام ہوتے ہیں تو امریکا کو ایران کے خلاف سخت کارروائی کرنی ہوگی۔ اس کے بعد ایران اور امریکا کے درمیان کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران کے خلاف امریکا کی کوشش کوئی بھی ہوں، ایران اہم کردار ادا کرتا رہے گا۔ منظور حسین نے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات ختم کر لیے گئے۔ منظور حسین نے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات کا عمل دوبارہ شروع کیا جائے گا۔

09

بقیہ نمبر 09

میں لائی گئی ہے۔ حکام کے مطابق حادثہ ڈیفنس کمپنی، ہی آر اے اور ایس ایس ایف کے سنگم پر پیش آیا۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایس ایس ایف کے ریسکیو اہلکار ریسکیو آپریشن کر رہے تھے۔ ذرائع کے مطابق ریسکیو اہلکار ایک ڈمپر کی زد میں آ گئے۔ ڈمپر کے ڈرائیور کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ ڈمپر کو قبضے میں لے کر تھانہ منتقل کر دیا گیا ہے۔ ڈمپر کے ڈرائیور کو تھانہ منتقل کر دیا گیا ہے۔ ڈمپر کے ڈرائیور کو تھانہ منتقل کر دیا گیا ہے۔

02

بقیہ نمبر 02

اور گاڑیوں سے متعلق قوانین میں مزید سختی کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ سیونٹی سوشل سکیورٹی (ٹرسٹ) (ترمیم (ایکٹ 2026) اور پبلک سکیورٹی (ترمیم) (ایکٹ 2026) بھی کثرت رائے سے منظور کر لیا گیا۔ اس طرح جاری حفظ ماتع (ترمیم) (ایکٹ 2026) اور بنگلاز (ترمیم (ایکٹ 2026) بھی ایوان سے کثرت رائے سے منظور کر لیے گئے۔ منظور ہونے والے بلز صوبے میں انتظامی امور، ماحولیات، سیکیورٹی اور سماجی تحفظات کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے پیش کیے گئے تھے۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس اسپیئر ملک احمد خان کی صدارت میں پیکٹ کلچر ہیوز اوقیل بلڈنگ میں ہفتے 11 اپریل کو پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ایوان کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پنجاب ماحولیاتی تحفظ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر نور شاہ، اینٹی کرپشن سٹرکچرل

پاکستان کے جرائد نے تاریخ میں ایک روشن باب رقم کیا

چیئرپرسن سی پی این ای

سی پی این ای کی پیریاڈیکلز کمیٹی کے تحت گزشتہ روز آرمی سروسز میس میں "جرائد کا ماضی، حال، مستقبل اور جدید تقاضے" کے عنوان سے ظہرانے کا اہتمام کیا گیا

تقریب کی صدارت چیئرپرسن منزہ سہام نے کی سی پی این ای کے اراکین کے ساتھ صحافی، وکلاء، انفارمیشن ڈپارٹمنٹ کے افسران اور جرائد کے مدیران بھی موجود تھے

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپرز ایڈیٹرز (سی پی این ای) کی پیریاڈیکلز کمیٹی کے تحت گزشتہ روز آرمی سروسز میس میں "جرائد کا ماضی، حال، مستقبل اور جدید تقاضے" کے عنوان سے ظہرانے کا اہتمام کیا گیا، جس میں جرائد کو درپیش مسائل اور ان کے روشن مستقبل کے لیے اقدامات پر غور کیا گیا۔ تقریب کی صدارت سی پی این ای کی پیریاڈیکلز کمیٹی کی چیئرپرسن منزہ سہام نے کی جبکہ اس موقع پر سی پی این ای کے اراکین کے ساتھ صحافی، وکلاء، انفارمیشن ڈپارٹمنٹ کے افسران اور جرائد کے مدیران بھی موجود تھے۔ اجلاس کے آغاز پر چیئرپرسن سی پی این ای پیریاڈیکل کمیٹی منزہ سہام نے معزز مہمانوں کی شرکت کا خیر مقدم کیا اور بالخصوص سی پی این ای کے صدر کاشف صحافی، سیکریٹری جنرل غلام نبی چانڈیو، اعجاز الحق اور تاشی اسعد عابدہ نے جرائد کے لیے مجموعی بہتری کے لیے تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جرائد نے تاریخ میں اپنے رشن باب رقم کیے۔ میڈیا میں موجود دور میں انٹیلی جنس بیورو کے ستعدد تلخیص مسائل کا سامنا کرنا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

ڈیجیٹل کمیشن آف پاکستان کا اجلاس 28 اپریل کو طلب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ڈیجیٹل کمیشن آف پاکستان کا اجلاس 28 اپریل کو طلب کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جو ڈیشل کمیشن کا اجلاس ہوگا۔ ذرائع کا کہنا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

ایئرپورٹ پر اسٹیٹ آف دی آرٹ ایئر ٹریفک کنٹرول سسٹم نصب کرنیکی منظوری

کراچی (ویب ڈیسک) ایئرپورٹ پر اسٹیٹ آف دی آرٹ ایئر ٹریفک کنٹرول سسٹم نصب ہوگا، جس کے لیے سینٹرل ڈیولپمنٹ ورکنگ پارٹی نے پی سی ون کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق کراچی کے جناح انٹرنیشل ایئرپورٹ پر جدید ایئر ٹریفک کنٹرول سسٹم نصب کیا جائیگا کیونکہ کمرشل پروازوں کو رہنمائی فراہم کرنے والا موجودہ ایئر ٹریفک کنٹرول سسٹم پرانے اور جدید .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

امن معاہدہ طے پاتا ہے تو پاکستان کا کردار تاریخ عالم میں ہمیشہ سنہرے حروف سے لکھا جائیگا، سراج الحق

لاہور (ویب ڈیسک) سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا کہنا ہے پاکستان، مشرق وسطیٰ، عالم اسلام اور پوری دنیا کا مفاد امن کے قیام سے وابستہ ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا

پاکستان کو دہشت گردی کا شکار ہونے کے بجائے ثابت قدمی اور یکسوئی کے ساتھ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

سندھ حکومت نے بی آر ٹی ریڈ لائن کی تعمیر کا ٹھیکہ منسوخ کر دیا

یہ کارروائی شہریوں کو درپیش شدید مشکلات اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے تحفظات کے بعد عمل میں لائی گئی

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ حکومت نے بی آر ٹی ریڈ لائن کی تعمیر کا ٹھیکہ منسوخ کر دیا اور کہا حکومت اب اس منصبے کے لیے متبادل انتخابات کرے گی۔ تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت نے بی آر ٹی ریڈ لائن منصوبے (لائن-2) کے ترقیاتی کاموں میں سست روی، غیر تسلی بخش کارکردگی اور مالی معیار کی خلاف ورزی پر کنٹریکٹرز کا معاہدہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ کارروائی شہریوں کو درپیش شدید مشکلات اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے تحفظات کے بعد عمل میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

خانہ پل روڈ راولپنڈی پر سیوریج ڈرین کی تعمیر کی تعمیر کا کام جاری

اپر کوہستان مالیاتی سکینڈل: نامزد ملزم کی پلی بارگین کی درخواست منظور

عدالت نے ملزم محمد ایوب کی 3 ارب 92 کروڑ روپے سے زائد کی پلی بارگین منظور کر لی

پشاور (ویب ڈیسک) احتساب عدالت نے اپر کوہستان مالیاتی سکینڈل میں نامزد ملزم محمد ایوب شیگیمار کی پلی بارگین کی درخواست منظور کر لی۔ عدالت نے ملزم محمد ایوب کی 3 ارب 92 کروڑ روپے سے زائد کی پلی بارگین منظور کر لی، ملزم محمد ظفر نے نیب کی جانب سے پیش کردہ پلی بارگین درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل محمد علی اور سینئر پراسیکیوٹر مانک شاہ عدالت میں پیش ہوئے۔ نیب پراسیکیوٹر نے کہا کہ ملزم اپر کوہستان کے 37 .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

کراچی: بلیاری میں ناقص سیوریج نظام کی وجہ سے غیر صحت بخش حالات پیدا ہو گئے

سونے کی عالمی اور مقامی قیمت میں مسلسل دوسرے دن بھی کمی

بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت میں 12 ڈالر کی ریکارڈ ہوئی

کراچی (ویب ڈیسک) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمتیں آج مسلسل دوسرے دن کم ہو گئیں۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں آج بدھ کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 12 ڈالر کی کمی ریکارڈ ہوئی، جس کے نتیجے میں عالمی قیمت 4 ہزار 766 ڈالر فی اونس کی سطح پر آ گئی۔ دریں اثنا عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی 24 قیراط کے حالیہ فی تولہ سونے کی قیمت میں 1200 روپے کی کمی ہوئی، بس کے بعد مقامی سطح پر سونے کی نئی قیمت 4 لاکھ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

فلم کی شوٹنگ کے پہلے مرحلے کے دوران میرے کردار نے میری ذہنی صحت پر اثر ڈالا، اداکارہ میرا

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ میرا نے اپنی نئی فلم سائیکو کی شوٹنگ کے دوران اوپریشن کا شکار ہونے کا انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ میرا نے اپنے حالیہ انٹرویو کے دوران اپنے فلمی کیریئر اور ذاتی زندگی کے بارے میں بات کی ہے۔ انہوں نے ملائن کے لیے امریکا کے نفسیاتی اسپتال میں داخل ہونے کی خبروں کی تردید .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

حیدرآباد: کوٹری علاقے میں عوامی نلکے پر پینے کے پانی کی قلت کا سامنا

ٹرمپ کی جنگ بندی میں توسیع کی کوئی اہمیت نہیں، باقر قالیباف

وقت آ گیا ہے کہ ایران خود پہل کرے اور اپنی حکمت عملی کو آگے

تہران (ویب ڈیسک) تہکنر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف کے مشیر نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے جنگ بندی میں توسیع کرنے کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ اپنے بیان میں مشیر تہکنر ایرانی پارلیمنٹ نے کہا کہ بارہ نکاتی الاوقیح طرز کا حکم نہیں دے سکتا، نا کہ بندی کا تسلسل بھی برقرار ہے اور اس کا جواب فوجی ردعمل کے ساتھ ہونا چاہیے۔ باقر قالیباف کا کہنا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

ہم نے اپنی صلاحیت سے زیادہ کردار ادا کیا، ان شاء اللہ آئندہ بھی یہ کوششیں جاری رکھیں گے، سعدرفیق

لاہور (ویب ڈیسک) انجی رضا خواجہ سعد امریکا اور ایران کے درمیان ثالثی کی ذمہ داری اپنی

رفیق کا کہنا ہے پاکستان نے بین الاقوامی اور علاقائی طاقتوں اور دوست ممالک کی حمایت کے باوجود استقامت سے بڑھ کر بھائی ہے۔ ہم نے اپنی سلامتیت سے زیادہ کردار .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا ایم 6 موٹروے کیلئے ایڈی بی اور این ایچ اے کے درمیان تاریخی معاہدے کا خیر مقدم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے کراچی کو تھرسے ملانے والی ایم 6 موٹروے کی تعمیر کے لیے ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کے درمیان اسٹریٹجک معاہدے پر دستخط کا باضابطہ خیر مقدم کیا ہے۔ اس تاریخی کامیابی پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے وفاقی وزیر نے اس منصوبے کو پاکستان کی مستقبل کی ترقی کا اہم راستہ اور .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

لکھل گورنمنٹ نے گلشن حدید، کراچی میں سیوریج نالے کی تعمیر کی نگرانی کی

صوبائی محتسب سندھ محمد سہیل راجپوت کے زیر صدارت اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی محتسب سندھ محمد سہیل راجپوت کے زیر صدارت صدر دفتر میں اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں سیکریٹری سید جنید احمد، ڈائریکٹر جنرل نسیم الدین میرانی، رجسٹرار مسعود عشرت، مشیران ہنگہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

افغان مہاجرین کی واپسی بارے اجلاس، گورنر خیبر پختونخوا نے بریفنگ لی

پشاور (ویب ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی زیر صدارت صوبے میں افغان مہاجرین کی موجودہ صورتحال سے متعلق اجلاس ہوا۔ اجلاس میں کشیدہ افغان رہائشی جیز کلیل صافی نے گورنر خیبر پختونخوا کو تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں چیئرمین افغان بارڈر مینجمنٹ عمران وزیر اور ڈائریکٹر امن کے حکام بھی شریک تھے۔ شرکا کو بریفنگ دی گئی کہ افغان مہاجرین .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

آبنائے ہرمز میں دو بحری جہازوں پر ایرانی فوج کی فائرنگ

ایران کے ساحل سے تقریباً 8 ناٹیکل میل (15 کلومیٹر) مغرب میں فائرنگ کی گئی، خوش قسمتی سے تمام عملہ محفوظ رہا اور کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

ایک اور کارگو جہاز پرعمان کے قریب 15 ناٹیکل میل (28 کلومیٹر) شمال مشرق میں فائرنگ کی گئی، جہاز کے (برج/ کنٹرول روم) کو شدید نقصان

تہران (ویب ڈیسک) خلیج میں کشیدگی کے باعث سمندری سکیورٹی صورتحال مزید سنگین ہو گئی ہے جہاں آبنائے ہرمز کے قریب دو مختلف بحری جہازوں پر فائرنگ کے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں۔ بحری ناظم ڈرائج کے مطابق ایک جہاز نے اطلاع دی کہ اس پر ایران کے ساحل سے تقریباً 8 ناٹیکل میل (15 کلومیٹر) مغرب میں فائرنگ کی گئی، خوش قسمتی سے تمام عملہ محفوظ رہا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

پنجاب اسمبلی میں قانون سازی کا عمل تیز، متعدد اہم بل کثرت رائے سے منظور

دوران صوبائی موٹر گاڑیاں (چوتھی ترمیم) بل 2025 کو بھی کثرت رائے سے منظور کیا گیا

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب اسمبلی میں قانون سازی کا سلسلہ جاری ہے جہاں آج کے اجلاس میں 23 میں سے 7 بل کثرت رائے سے منظور کر لیے گئے۔ اسمبلی نے انسداد (ترمیم) بل 2026 کو کثرت رائے سے منظور کر لیا، اس کے علاوہ پنجاب فارنزک سائنس اتھارٹی (ترمیم) بل 2026 بھی ایوان سے منظور ہو گیا۔ اجلاس کے دوران صوبائی موٹر گاڑیاں (چوتھی ترمیم) بل 2025 کو بھی کثرت رائے سے منظور کیا گیا، جس کے بعد صوبے میں ٹریفک .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

یوم ارض پر کافی اور سیپیا کی کمیونٹی پارک میں شجر کاری مہم، ماحولیاتی تحفظ پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر ماحولیات سندھ کے مشیر برائے ماحولیات، موسمیاتی تبدیلی اور ساحلی ترقی، دوست محمد راہموں نے گورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) اور سندھ ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (SEPA) کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کے دور میں مثبت کردار ادا کرنا چاہیے، مکافی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے نوجوان باصلاحیت ہے۔ اسے جدید ٹیکنالوجی کے اس دور میں اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔ آج کے نوجوان کو چاہیے کہ وہ سوشل میڈیا پر لغو چیزیں اپ لوڈ کرنے والوں کا بائیکاٹ کرے، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

آرام باغ کے علاقے کراچی میں ریسکیو آپریشن کے دوران درخت گر گیا

کراچی سے اغوا کیے گئے 2 افراد لاڑکانہ سے بازیاب

پولیس نے کارروائی میں کھوکھر اپار کراچی کے ایک اغوا کار اور اشتہاری ملزم کو بھی گرفتار کیا

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی میں شارع فیصل سے اغوا کیے گئے 2 افراد کو لاڑکانہ سے بازیاب کرا لیا گیا۔ ایس ایس پی کے مطابق لاڑکانہ کھٹی چانگ کے علاقے میں پولیس نے کارروائی کی اور مغویوں اور گرفتار ملزم کو کراچی پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ ایس ایس پی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

ٹھٹھہ حیدرآباد قومی شاہراہ کو ڈبل روڈ میں تبدیل کیا جائے

بلاول شیرازی کا وفاقی وزیر کو خط

ٹھٹھہ سے حیدرآباد تک مرکزی قومی شاہراہ اسوقت سنگل روڈ ہے، اس پر ہیوی ٹریفک کا دباؤ بہت زیادہ ہے، سید ایاز شاہ شیرازی

نیشنل ہائی وے اتھارٹی فوری نوٹس لے کر ٹھٹھہ سے حیدرآباد تک قومی شاہراہ کو ڈبل کرنے کے لیے ہنگامی اقدامات کرے، خط

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ایم این اے سید ایاز حسین شاہ شیرازی نے ٹھٹھہ سے حیدرآباد تک قومی شاہراہ کو ڈبل روڈ میں تبدیل کروانے کے لیے وزارت مواصلات کے وفاقی وزیر کو خط لکھ دیا، جبکہ اسٹینڈنگ کمیٹی میں اس منصوبے کی منظوری کے لیے بھی سفارش جمع کرا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہلے مرحلے میں ٹھٹھہ سے ٹھٹھر تک سڑک کو بنانے پر ڈبل کیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

خیبر پختونخوا اسمبلی نے پشاور میں عمران خان اسٹیڈیم میں تاریخی اجلاس منعقد کیا تاکہ عوامی رسائی کو بہتر بنایا جا سکے

آئی جی سندھ کی زیر صدارت اہم جائزہ اجلاس

کراچی (ویب ڈیسک) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی زیر صدارت صوبے میں شیشاء و گٹکا و ماوا مافیاز کے خلاف پولیس اقدامات سے متعلق اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ اس اجلاس میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

بلاشرم عمر لڑکے کی نامناسب حالت میں ڈرائیونگ، گاڑی کو معمولی حادثہ

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی کے علاقے ڈیفنس شہیدان اتھاد میں بالغ نوجوان نے قانون کی دھجیاں اڑا دیں، نامناسب حالت میں ڈرائیونگ کرنے والا لڑکے کو اس کا ساتھی اور بالغ شخص اپنے شہیدان اقبال میں ایک .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

ایک اور شہری گھر کی دہلیز پر موبائل فون و نقدی سے محروم

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں اسٹریٹ کرائم کے دوران ایک اور شہری گھر کی دہلیز پر موبائل فون اور نقدی سے محروم ہو گیا، جس کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آ گئی۔ متاثرہ کو بھی کے علاقہ الفلاح کی حدود میں شہری سے لوٹ مار .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

کراچی: ڈکیتی کا ڈرامہ رچانے والا چالاک مدعی گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) کیماڑی انڈسٹریل کینٹن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کا ڈرامہ رچانے والے چالاک مدعی کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی انڈسٹریل کینٹن کیماڑی صبر احمد جوئیا کے مطابق چالاک مدعی شہر کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

لوکل باڈیز رپورٹرز ایسوسی ایشن کے انتخابات جمعہ کو ہوں گے

کراچی (ویب ڈیسک) لوکل باڈیز رپورٹرز ایسوسی ایشن کے 24 اپریل بروز جمعہ کو ہونے والے انتخابات میں دو وقیاد دھڑے لے رہے ہیں، کراچی پینل سے صدر کیلئے شاہد مصطفیٰ جبکہ ان کے مقابل ڈیوڈ کرشن کے سلمان سعادت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

ایندھن کی قیمتوں میں بے انتہا اضافے کے سبب کشتی سازی مہنگی ہو گئی

کراچی (ویب ڈیسک) ایندھن کی قیمتوں میں بے انتہا اضافے کے سبب ابراہیم حیدری سمیت شہر کے ساحلی علاقوں میں کشتی سازی مہنگی ہو گئی۔ ساحل گیری کیلئے جہاز بنوانا عام لانچ کی تیاری 5 لاکھ سے بڑھ کر 7 لاکھ تک .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

جنگ بندی اقدام خطے میں امن کی جانب اہم پیشرفت ہے، اسپیکر پنجاب اسمبلی

وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی سفارتی کاوشیں قابل تحسین ہیں

لاہور (ویب ڈیسک) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی جانب اسمبلی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی جنگ بندی اقدام خطے میں امن کی جانب بہت اہم پیش رفت ہے۔ ملک احمد خان نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے ون ڈے پلیئرز رینکنگ جاری کر دی، بابر اعظم چھٹی پوزیشن پر برقرار

دبئی (ویب ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ون ڈے بیٹرز رینکنگ جاری کر دی۔ ون ڈے بیٹرز رینکنگ میں نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل پہلے نمبر پر موجود ہیں، بھارت کے ویراٹ کوہلی دوسرے اور افغانستان کے ابراہیم زادران تیسرے نمبر پر موجود ہیں، رینکنگ میں پاکستان کے بابر اعظم چھٹے نمبر پر اور سلمان آغا کا دسواں نمبر ہے۔ اس کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

ماحولیاتی تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

شرجیل میمن

حکومتِ سندھ ماحول کے تحفظ کیلئے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے، ماحولیات کے تحفظ کیلئے عوام کا تعاون اور کردار ناگزیر ہے

عوام درخت لگانے، پانی کے ضیاع سے بچنے اور صفائی کا خاص خیال رکھنے جیسے اقدامات کو روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں، سینئر وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، خزانہ اور ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس کے لیے اجتماعی اقدامات ناگزیر ہیں، موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی آلودگی جیسے مسائل صرف پاکستان نہیں بلکہ پوری دنیا کے لیے خطرہ بن چکے ہیں۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ سندھ حکومت ماحولیات کے تحفظ کے لیے متعدد منصوبوں پر کام کر رہی ہے، ماحولیات کے تحفظ کیلئے عوام کا تعاون اور کردار ناگزیر ہے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17